ہفتہ وار درس سے انتخاب

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم

درس روحانیت وامن

# اہل بیتؓ کی سخاوت کا انوکھا واقعہ

**اللہ تو دیکھ رہا ہے ناں؟:** اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کے قافلے جنگل میں سے گزر رہے تھے ان کو بھوک لگی، وہی ایک چرواہا بھی بکریاں چرا رہا تھا۔ انہوں نے ایک بکری پیسوں کے عوض مانگی تاکہ اس کو بھون کر بھوک مٹائی جا سکے۔ وہ چرواہا کہنے لگا کہ: ''میں تو چرواہا ہوں مجھے ان بکریوں کو فروخت کا اختیار حاصل نہیں، ان کا مالک تو میرا آقا ہے۔'' آل رسول علیہم السلام میں سے کوئی ان سے بطور امتحان کہنے لگے: تیرا آقا کونسا تجھے دیکھ رہا ہے؟ تم ان سے کہہ دینا کہ ایک بکری کو بھیڑیا اٹھا کر لے گیا۔ چرواہے نے آسمان کی طرف دیکھ کر کہا کہ اگرچہ میرا مالک موجود نہیں مگر میرا اللہ تعالیٰ تو مجھے دیکھ رہا ہے ناں! اللہ اکبر! کیسے عظیم لوگ تھے۔ آل رسول علیہم السلام بھی سخی تھے۔ انہوں نے چرواہے کے مالک کو تلاش کرکے اس غلام کو اور ان ساری بکریوں کو خرید کر غلام کو آزاد اور بکریاں اسے ہدیہ کردیں۔

**انفرادی معاملات کی شفافیت کی برکات:** اگر ہم اپنی ذات کے اعتبار سے بھی اور اپنے ذاتی معاملات میں بھی صاف ستھرے اور کھرے ہوجائیں تو اللہ والو! اللہ ہمارے لیے برکات کے دروازے کھول دے گا، اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کی نسلوں کو بھی کشادگی عطا فرما دیتا ہے۔ میرے والد محترم رحمۃ اللہ علیہ کے باغ کے مالی بہت بوڑھے ہیں' ان کے پاس ارادتاً جانا ہوا۔ وہ باغ میں خدمت کررہے تھے۔ مجھے دیکھ کر بہت خوش ہوئے، میں نے بھی موقع کو غنیمت جانتے ہوئے ان سے کہا کہ آپ مجھے وقت دیں۔ گاڑی آپکو لے آئے گی۔ آپ مجھے وقت دے دیں، میں آپ سے کچھ پرانی باتیں سننا چاہتا ہوں! ۔ ان کو اپنے ہاں بلوایا بابا میٹھا بہت پسند کرتے ہیں حلوہ پیش کیا چونکہ میں میٹھا ہلکا استعمال کرتا ہوں اس لیے حلوے میں میٹھا کم تھا' لہٰذا انہوں نے اس میں مزید میٹھا ملا کر کھایا! اتنا میٹھا! اللہ اکبر! تب مجھے یاد آیا کہ ابا جی رحمۃ اللہ علیہ بھی ان کو میٹھا حلوا کھلاتے تھے۔ اہل خانہ نے سویاں بھی بنائیں اب ان کے پیش خدمت سویاں، حلوا اور مٹھائی تھی۔ انہوں نے مٹھائی کا پتیسہ حلوے میں ملا کر کھایا، تب کہیں جا کر ان کو تسلی ہوئی۔ فرمانے لگے: ہاں! اب میٹھا ٹھیک ہے۔ گفتگو شروع ہوئی تو انہوں نے تلک الایام نداولها بین الناس کے تحت تذکرہ ہونے لگا۔ کہنے لگے کہ 1947ء میں میں پچیس چھبیس سال کا تھا۔ اب ان کی عمر نوے پچانوے سال کے لگ بھگ تھی اور نوے پچانوے سال کی عمر میں بھی ان کے ہوش و حواس بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں اور انہیں شوگر بھی نہیں ہے۔ مزید فرمانے لگے: میری زندگی کا تجربہ ہے میں نے بارہا ایسے کیس دیکھے ہیں اور میں خاندانوں کے خاندان بلکہ ان کی نسلوں کو بھی جانتا ہوں کہ اس کا باپ فلاں تھا اور وہ یہ کام کرتا تھا۔ اس کا باپ فلاں تھا اور وہ فلاں کام کرتا تھا۔ میں نے اکثر دیکھا ہے کہ جس شخص نے رزق حلال کی طرف توجہ دی، اگر مزدور تھا تو اس نے اپنی مزدوری پوری دیانتداری سے کی! اگر ملازم ہے تو پوری ایمانداری سے اپنی ملازمت کو سرانجام دیا تو جس شخص نے رزق حلال پر اس طرح محنت کی اللہ کریم نے اس کی نسلوں کو مالا مال کردیا۔

ایک اور عجیب بات کہی کہ میں نے جھلکتا دیا ہے اللہ تعالیٰ نے اس کو جھلکتا دیا ہے کہ میں نے اتنی مزدوری لی تھی میرے مطابق میں نے پورا کام کردیا' پھر کہنے لگے: نہیں جھلکتا دے دیا، پھر کہنے لگے میں نے دیکھا ہے رب نے اس کو بھی جھلکتا دیا ہے۔ گفتگو کرتے ہوئے اپنے ایک بیٹے کے بارے میں کہنے لگے: سارا دن اس کے ہاتھ میں مرغے ہوتے ہیں، کبوتر ہوتے ہیں وہ سارا دن اسی کام میں لگا رہتا ہے! میں نے باباجی سے کہا: آپ کہیں تو اسے کہیں لگوا دوں؟ باباجی کہنے لگے: سائیں ٹھیک ہے۔ بڑا بیٹا تو میری باتوں کو مانتا ہے، ان پر عمل کرتا ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اس کو سدا بہار کردیا ہے۔ اللہ والو! یہی سوچ ہو کہ عالم میں جو کچھ ہوا وہ میری وجہ سے ہوا، عالم میں جو کچھ ہو رہا وہ بھی میری وجہ سے ہو رہا ہے! اللہ پاک اپنے فیصلے مجھے اور آپ کو سامنے رکھ کر کرتے ہیں۔

**احوال امت مسلمہ کے اثرات عالم پر:** ہال میں لگی ان کھڑکیوں سے ٹھنڈی ہوائیں آتی ہیں اور ان کھڑکیوں ہی سے گرم ہوائیں بھی آتی ہیں! سردیوں میں ان کھڑکیوں کو بند کردینے سے کمرے گرم ہوجاتے ہیں! سردی میں گرم ہونے کا نام جسم کا سکون ہوتا ہے! اور ان کھڑکیوں کو کھولنے سے گرم کمرے ٹھنڈے ہوجاتے ہیں! برف بن جاتے ہیں اور سردیوں میں برف بے چینی اور بے سکونی کا نام ہے۔ یہ مسلمان بھی کھڑکی کی مانند ہیں۔ عالم میں جو بھی حال آئے گا' وہ مسلمان کے اعمال سے آئے گا، مسلمان کی وجہ سے آئے گا، کافر کیلئے جنت کا وعدہ نہیں، کافر کیلئے حوروں کا وعدہ نہیں، کافر کیلئے نعمتیں نہیں بلکہ یہ ساری نعمتیں تو مسلمانوں کیلئے ہیں۔ رب العزت کی چاہت ہے کہ اے مسلمان تو میرے لیے ہے! اگر تو میرا بننے کیلئے تیار نہیں! تو میں تیرے اوپر دنیا میں بھی عذاب مسلط کروں گا اور آخرت میں بھی تجھے عذاب دوں گا! اگر تو میرا بن جائے تو ساری چیزیں تیری ہوجائیں گی! تو جو چاہے گا وہی ہوگا! پھر چاہے تو خط کے ذریعے تو دریا کو چلوا دے! یا کوڑے کے ذریعے زمین کے زلزلے کو رکوا دے۔! زلزلے کی صورت میں طوفان آیا، لاوا پھوٹا اور لاوے میں سے آگ نکلی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تمیم الداری رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اس آگ کو اکٹھا کرو۔ اللہ اکبر! تمیم داری رضی اللہ عنہ کہتے ہوئے اپنی چادر سے اس آگ کو اکٹھا کرتے ہیں! آگ ہٹتی جارہی وہ بھی ہٹاتے جارہے! حتیٰ کہ پہاڑ کی جس جگہ سے وہ لاوا نکلا تھا وہاں تک اس آگ کو واپس کردیا اور اس کے اوپر پتھر ڈال کر آگئے۔ آج صدیوں تک اس جگہ سے دوبارہ کبھی لاوا نہیں نکلا۔ (جاری ہے)


زندگی روحانی و نفسانی اور راز ولایت پانے کیلئے

خطبات عبقری کا مطالعہ کریں


## جادو ٹونہ' خون کے چھینٹے اور بستر مرگ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ عمل ہمارا آزمودہ ہے' جادو ٹونا ہے' خون کے چھینٹے پڑتے ہوں' بستر مرگ پر آخری سانسیں چل رہی ہیں' ڈاکٹر نے جواب دے دیا' کاروبار' مکان' اولاد کی بندش ہے' لوہا توڑ اثر ختم' بس سورۂ بقرہ کی روزانہ گھر میں تلاوت کریں۔ مکمل سورۂ پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس دم شدہ پانی کے چھینٹے گھر کے ہر کونے پر ماریں۔ دم شدہ پانی خود بھی پئیں' تمام گھر والوں کو بھی پلائیں۔ مزید آڈیو ریکارڈر ایم پی تھری میں سارا دن گھر میں بالکل ہلکی آواز میں سورۂ بقرہ چلائیں۔ (عظمیٰ اقبال' لاہور)


پوشیدہ کورس

ایام کی کمی وزیادتی' بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ

خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہاسال تحقیق کے بعد کامیاب علاج

مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں

ہدیہ 600 روپے


Digitized by Google

# نسلوں کے راز اور بوسیدہ نایاب ڈائریاں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کو اور آپ کی نسلوں اور تسبیح خانہ کے تمام خدمت گاروں کو اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ آپ سب کو اللہ تعالیٰ لمبی زندگی، صحت، تندرستی، عافیت، برکت اور دنیا و آخرت کی تمام نعمتیں اور دولتیں عطا فرمائے۔ آپ کا سایہ شفقت ہمارے سروں پہ ہمیشہ سلامت رکھے۔ حضرت آپ نے درس میں بتایا تھا کہ سورۂ انشقاق کی آیت **وَ اَلْقَتْ مَا فِیْھَا وَ تَخَلَّتْ. وَ اَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَ حُقَّتْ.** (انشقاق ۴ تا ۵) پڑھیں تو ڈلیوری میں آسانی ہوتی ہے میری بڑی بہن لیڈی ڈاکٹر کے پاس گئی جو انتہائی تجربہ کار اور بوڑھی ہیں انہوں نے آپی کو الٹرساؤنڈ کر کے بتایا کہ بیٹی ہے بلکہ ایک دفعہ تو کہا کہ پتہ ہی نہیں چل رہا، خیر بعد میں کہا کہ بیٹا ہے اور آپریشن ہوگا۔ میری بہن اور امی بڑی پریشان ہوگئی۔ پھر بعد میں دوبارہ الٹراساؤنڈ کروایا پھر انہوں نے کہا کہ بیٹی ہے اور اسکا بڑا آپریشن ہوگا۔ اس کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں ہے بڑے آپریشن کا خرچہ کم از کم ایک لاکھ تھا۔ ہم بہت پریشان ہوئے۔ میں نے، امی نے اور بڑی بہن نے خود سورۂ انشقاق کی یہ آیات پڑھنا شروع کر دیں۔ بس بعد میں اللہ نے اپنا کرم کیا اور میری آپی کی ڈلیوری گھر میں ہی ہوگئی اور وہ بھی نارمل۔ اللہ تعالیٰ نے آپی کو بیٹا عطا فرمایا۔

میں آپ کو ایک اور بات بتانا چاہتی ہوں کہ جب میں یہ عمل کر رہی تھی تو ایک بلی ہمارے گھر آتی تھی (پہلے بھی آتی تھی) ہم اس کو دودھ وغیرہ ڈالتے مگر وہ بولتی رہتی تھی اور کسی سے بھی نہیں ڈرتی تھی۔ میں خود اس سے ڈرتی تھی کہ کہیں کاٹ نہ لے۔ میں جب یہ پڑھتی تھی تو میں نے اگر اس کو دور سے ہی ڈرانا تو وہاں سے بھاگ جاتی تھی۔ ہمارے مانگنے میں کمی ہے۔ قرآن کے حرف حرف میں ایسی تاثیر ہے کہ بس ایک کام کے شروع کرلو کوئی بھی عمل، دوسرے کام خود بخود سنور جاتے ہیں۔ یقین شرط ہے یقین سے پڑھو تو ضرور کام ہو جاتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ **یا حفیظ یا سلام کے چند کمالات:** (۱) یہ عمل دو نورانی الفاظ میں گھر سے جانے سے پہلے یا گھر سے نکلنے کے بعد پڑھتی ہوں (الحمدللہ) ایک دفعہ میں موٹر سائیکل پر سکول جا رہی تھی۔ ہماری موٹر سائیکل کے آس پاس کوئی گاڑی نہ تھی ہم سڑک عبور کرنے لگے تو ایک گاڑی اچانک آ گئی۔ شکر ہے کہ میں نے یہ نورانی الفاظ پڑھے ہوئے تھے ورنہ ہمارا ایکسیڈنٹ تو پکا تھا۔

(۲) ہمارے سکول میں بڑی چوریاں ہوتی ہیں۔ میں اپنی چیزوں پر یَاحَفِیْظُ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونک دیتی ہوں الحمدللہ! چوری سے بچ جاتی ہوں۔ (۳) یہ والا واقعہ سب سے انوکھا عجیب اور حیران کن ہے میں "یا حفیظ یا سلام" کا نصاب پڑھ رہی تھی۔ ابھی پورا بھی نہ ہوا تھا کہ ہمارے گھر سے تعویذ اور ایک سانپ جو کہ جادو کے لیے پھینکے گئے تھے نکل آئے۔ ہم نے مولوی صاحب سے فوراً پوچھا تو کہنے لگے فکر اور پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے اس کا اثر زائل ہو چکا ہے۔ آپ بے فکر ہو جائیں۔ تو پھر کہیں جا کر ہمارے دم میں دم آیا اور میں نے اللہ تعالیٰ کا بہت شکر ادا کیا۔ اگر میں یہ نہ پڑھ رہی ہوتی تو آج ہم پر نجانے کونسی آفت ہوتی۔

**وضو میں مسح کا ایک اہم کمال:** میری گردن میں بل پڑ گیا جو کہ بعد میں ٹھیک ہو گیا مگر مجھے وہاں درد ہوتا تھا۔ ایک دن پھر بل پڑ گیا میں وضو کر رہی تھی میں نے گردن کا مسح کرتے کرتے تصور کیا کہ یا اللہ! یہ بل ٹھیک ہو جائے۔ میری گردن کا بل اسی وقت نکل گیا۔ **سورۃ الماعون اور مچھر چھپکلیاں:** ہمارے گھر میں مچھر اور چھپکلیاں بہت زیادہ تھیں ہمارے بستر پہ گر جاتی تھیں۔ میں نے سورۂ الماعون اپنی چارپائی پہ بیٹھ کر یہ سورۂ سات دفعہ ہلکی اونچی آواز میں پڑھنا شروع کر دی اسی دن وہ چھپکلیاں وہاں سے بھاگ گئیں۔ جب تک یہ سورت پڑھتی رہی چھپکلیوں کا سامنا میری ساتھ نہیں ہوا۔ **ہڈیاں جلنے کی بُو اور روحانی اگربتی:** ہمارے گھر کے ایک کونے سے ہڈیاں جلنے کی بُو آتی تھی۔ ہم نے وہاں پر روحانی اگربتی ایک دفعہ لگائی تو آج تک دوبارہ وہاں سے بدبو کبھی نہیں آئی۔ **اگر ٹھنڈ لگ جائے تو ایک چھوٹا مگر فائدہ مند ٹوٹکہ:** اگر ٹھنڈ لگ جائے اور پسلیوں میں درد ہو تو موم بتی کو جلا کر اس کا موم سرسوں کے تیل میں ڈال لیں بعد میں ان دونوں اجزاء کو گرم کر لیں دونوں اشیاء کا تناسب یہ ہے تین حصہ تیل اور ایک حصہ موم ہے۔ جب یہ ہلکا ہلکا گرم ہو تو پسلیوں پر مل کر پسلیوں پر گرم کپڑا لپیٹ لیں۔ ان شاء اللہ درد سے فوراً نجات ملے گی۔ **نزلہ و زکام کا فوری حل:** نزلہ اور زکام کی صورت میں اگر کالے چنے کے سالن کا شوربہ پی لیا جائے تو زکام ٹھیک ہو جاتا ہے۔ **کھانسی کا علاج:** اگر سوکھی کھانسی کی شکایت ہو تو دودھ میں سوئیاں پکا کر ان کا دودھ پی لیں۔ کھانسی ٹھیک ہو جائے گی۔ **بے چینی کا علاج:** شیخ الوظائف! آپ نے کہا تھا کہ نماز کے بعد مصلّے پر بیٹھ کر یہ مندرجہ ذیل عمل کریں۔ جائے نماز پر بیٹھ کر یہ تصور کریں کہ میرے دل پر سنہری روشنی گر رہی ہے ساتھ سات دفعہ "اللہ ھو" پڑھنا ہے۔ جب اللہ کہنا ہے تو تصور کرنا ہے کہ اللہ میرے دل میں اترا ہے اور اس کے نام کے اوپر والی شد میرے دل کو کھرچ رہی ہے اور جب "ھو" کہنا ہے تو یہ تصور کرنا ہے کہ میرے دل کی جو بیماری، تکلیف یا میل ہے میری سانس کے ساتھ باہر نکل گئے ہیں اسی طرح ہر "اللہ ھو" پہ تصور کرنا ہے۔ ایک دن مجھے نہایت بے چینی ہو رہی تھی مجھے نیند آئی ہوئی تھی لیکن مجھ سے سویا نہ جا رہا تھا۔ مجھے یہ محسوس ہو رہا تھا کہ میرا دل باہر آ جائے گا۔ میں نے یہ عمل کیا یقین کریں مجھے ٹھیک 2 منٹ بعد اتنے مزے کی نیند آئی کہ بس۔ یہ عمل دل کی روحانی و طبعی مسائل کے لیے بہترین علاج ہے۔ (میں اگلے دن جب اٹھی تو فوراً اس واقعہ کو اپنی ذاتی ڈائری میں درج کیا) **بلغم کو خارج کرنے کا عمل:** اگر گلے میں بلغم بہت زیادہ ہو گئی ہو تو سہاگہ چٹکی بھر آدھا چمچ پانی یا شہد میں ملا کر کھائیں (پانی میں زیادہ بہتر ہے) تو قے کے ذریعے یا پاخانے کے ذریعے یہ سارا بلغم نکل جائے گا۔ **بچہ زیادہ روتا ہو اور سوتا نہ ہو:** اگر کوئی بچہ بہت زیادہ روتا ہے اور سوتا بھی آرام سے نہ ہو تو اس کو دودھ میں شہد اور دیسی گھی نیم گرم کر کے پلائیں ان شاء اللہ بچہ سو جائے گا۔ **شیخ الوظائف سے ملاقات:** ایک دفعہ میں، میری امی اور بڑی

جوہر شفاء مدینہ
موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
معدہ کا مسئلہ، بلڈ پریشر، جگر، گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلا سکتی ہیں
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہو جاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
قیمت 150 روپے

